بسم اللہ الرحمن الرحیم

ترانۂ اہلحدیث

انتخاب: سیف اللہ نذیر

رہِ توحید میں عظمت کا پہلا کارواں ہم ہیں
علمبرداری اسلام کا عزمِ جواں ہم ہیں

طلوعِ دین سے "اَکْمَلْتُ" کا پائندہ نشاں ہم ہیں
رموزِ "اَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ" کے اندر نہاں ہم ہیں

محمد مصطفےٰ ﷺ کے گلشنِ توحید کے اندر
مثالِ بلبلِ شیریں نوا رطب اللساں ہم ہیں

نقیبِ اتحادِ ملتِ بیضاء ہیں عالم میں
اخوّت کی فضا ہم ہیں، محبت کا بیاں ہم ہیں

عقائد میں تذبذب ہے، نہ ایمان میں تزلزل ہے
حقائق آشنا، بالاتر از وہم و گماں ہم ہیں

طلاقِ جبر ہو یا ہو وہ فتنہ خلقِ قرآں کا
ہر اک بے راہروی کی راہ کا سنگِ گراں ہم ہیں

ملوکیت ہو، سحر سامری ہو یا ہو رہبانی
ہزاروں جادوؤں کے بالمقابل جاویداں ہم ہیں

ہمیں ہیں جن سے سیلِ شرک وبدعت ڈر کے چلتا ہے
رگِ اسلام میں خون بن کے سرگرم ورواں ہم ہیں

جہاں میں جس جگہ ہو شرک وبدعت کی شجر کاری
جو پہلے ٹوٹتا ہے اس پہ، وہ آتش فشاں ہم ہیں

کتاب اللہ اور اللہ کے محبوب ﷺ کی سنت
ہمارے راہنما یہ ہیں اور ان کے پاسباں ہم ہیں